ٹاون میونسپل کارپوریشن۔ نیو کراچی

شعبہ اطلاعات و تعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن سے نارتھ کراچی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کے وفد کی ملاقات۔

وفد نے چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کو نارتھ کراچی انڈسٹریل ایریا میں موجود مسائل سے آگاہ کیا۔

ملاقات میں واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کارپوریشن کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔

نارتھ کراچی اینڈسٹریل ایریا کے مسائل کو جلد حل کریں گے۔ چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف

مورخہ:/ 25 اکتوبر 2024ء

کراچی ( ) چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف سے نارتھ کراچی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کے وفد کی ملاقات۔ وفد نے چیئرمین محمد یوسف کو نارتھ کراچی انڈسٹریل ایریا میں موجود مسائل سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں نکائی نارتھ کراچی کے صدر فیصل معیز، جنرل سیکرٹری شبیر و دیگر ممبران کے علاوہ واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کارپوریشن کے AC سینٹرل شاہ رخ، ایکس ای این واٹر بورڈ ماجد اور نواز، یونین کمیٹی نمبر 09 کے وائس چیئرمین حنظلہ انور قریشی، یوسی 10 کے چیئرمین قاری فیصل، یوسی گیارہ کے غضنفر علی خان و دیگر بلدیاتی افسران بھی موجود تھے۔ تفصیلات کے مطابق (نکائی) نارتھ کراچی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کے وفد نے انڈسٹریل ایریا میں موجود مسائل سے آگاہی فراہم کرنے کے لئے چیئرمین محمد یوسف سے ملاقات کی، وفد نے انڈسٹریل ایریا میں موجود پانی اور سیوریج کے مسئلے کو حل کرنے کے لئے نئی لائنیں ڈالنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ انڈسٹریل ایریا میں سیوریج اور پانی کی لیکج کی وجہ سے سڑکیں تباہ ہو رہی ہیں جس سے کاروباری ترسیلات میں دشواری پیش آرہی ہے، اسی کے ساتھ پانی کی کمی کی وجہ سے کام کرنے میں مشکلات پیش آرہی ہیں لہذا نارتھ کراچی انڈسٹریل ایریا میں موجود مسائل کو حل کرنے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔ ملاقات میں چیئرمین محمد یوسف نے نارتھ کراچی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کے صدر کی گفتگو اور مسائل کو بغور سُنا اور ان کے مسائل کو حل کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ منتخب نمائندے عوام کے مسائل کے ساتھ کاروباری حضرات کے مسائل سے بخوبی واقف ہیں اور انشاءاللہ جلد واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کے تعاون سے ان مسائل کو حل کرنے کے لئے اقدامات شروع کریں گے۔ چیئرمین محمد یوسف نے واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کے AC سینٹرل شاہ رخ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ انڈسٹریل ایریا کے مسائل کو حل کرنے کے لئے حکمت عملی مرتب کی جائے جس میں نیو کراچی ٹاؤن انتظامیہ بھرپور تعاون کرے گی۔

جاری کردہ:۔

عقیل اختر
پبلک ریلیشن آفیسر
نیو کراچی ٹاؤن